CONCORDIA COLLEGE KAHNA CAMPUS

MAIN FEROZPUR ROAD NEAR REHAN GARDEN PHASE 1 KAHNA LAHORE

Student Name	Roll Number	Class Name	Paper Code
		INTER-I	3465

Subject Name	Time Allowed	Total Marks	Exam Date
سوکس		90	10-Mar-2026

Exam Syllabus	Exam
FULL BOOK	

Objective Part حصہ معروضی

(1 x 90 = 90)

سوال نمبر 1. چار ممکنہ جوابات میں سے درست پر دائرہ لگائیں۔

1. قدیم یونان میں شہری ریاستیں تھیں: (A) 158 (B) 156 (C) 154 (D) 152
2. "علم شہریت شہری زندگی اور اس کے متعلقہ مسائل کے مطالعہ کا علم ہے۔" یہ الفاظ کس مفکر کے ہیں؟ (A) ڈاکٹر کے۔ کے عزیز (B) ای۔ایم۔وائٹ (C) پروفیسر پیٹرک گیڈیز (D) ایف۔جے گولڈ
3. معاشرتی علوم کی ماں ہے: (A) علم شہریت (B) علم تاریخ (C) علم معاشیات (D) علم عمرانیات
4. "تمام انقلابات، تحریکوں اور جنگوں کے پیچھے معاشیات ہی اہم سبب ہے۔" یہ کس مفکر کا دعویٰ ہے؟ (A) کارل مارکس (B) ارسطو (C) افلاطون (D) روسو
5. علم شہریت کے لئے متبادل لفظ استعمال ہوتا ہے: (A) سیاسیات (B) اخلاقیات (C) حیاتیات (D) مدنیت
6. جس مشہور ماہرِ معاشیات نے علمِ معاشیات کو "دولت اور حصول دولت کا علم" کہا ہے: (A) آدم سمتھ (B) مارشل (C) جیمز پال (D) رابنز
7. افلاطون کی وہ کتاب جس میں مثالی ریاست کا نقشہ کھینچا گیا ہے؟ (A) الجمہوریہ (B) دی پرنس (C) سیاست (D) اقوام کی دولت
8. عربی میں "مدینہ" کے معنی ہیں: (A) تنظیم (B) ریاست (C) ضابطہ (D) شہر
9. ہزاروں سال پہلے ایک عظیم مذہب کا گہوارہ تھا: (A) چین (B) سپین (C) یونان (D) فرانس
10. سب سے پسندیدہ نظام حکومت ہے: (A) جمہوریت (B) آمریت (C) اشرافیہ (D) بادشاہت
11. جس مفکر کا قول ہے کہ انسان معاشرتی حیوان ہے؟ (A) روسو (B) سقراط (C) ارنسٹ پال (D) ارسطو
12. بچے کی اولین درسگاہ ہوتی ہے: (A) مدرسہ (B) مسجد (C) لائبریری (D) ماں کی گود
13. ابن خلدون کی وجہ شہرت کس مضمون سے تعلق ہے؟ (A) سیاسیات (B) نفسیات (C) عمرانیات (D) اقتصادیات
14. مشترکہ مقاصد کے لئے قائم ہوتا ہے: (A) خاندان (B) معاشرہ (C) اقتدار اعلیٰ (D) قانون
15. "قوم ایک قومیت ہے کس نے خود کو سیاسی وحدت کے طور پر منظم کر لیا ہو آزاد ہو چکی ہو یا آزادی حاصل کرنا چاہتی ہو۔" قوم کی یہ تعریف کس مفکر نے کی ہے؟ (A) گلکرائسٹ (B) جیمز (C) لارڈ برائس (D) ایف۔جے۔گولڈ
16. جس شاعر نے اپنے کلام میں اسلامی ملت کی بنیاد صرف مذہب پر رکھی ہے: (A) ناصر کاظمی (B) فیض احمد فیض (C) نذیر قیصر (D) علامہ اقبالؒ
17. جہاں بیوی، شوہر اور بچے الگ رہ رہے ہوں، وہ خاندان کہلاتا ہے: (A) مادر سری خاندان (B) مشترکہ خاندان (C) علیحدہ خاندان (D) پدر سری خاندان
18. لاطینی لفظ سوشش (socius) کے لغوی معنی ہیں: (A) قوانین (B) مقاصد (C) ثقافتی (D) ساتھی
19. علامہ اقبالؒ کے نزدیک اسلامی ملت کی بنیاد ہے: (A) مذہب (B) زبان (C) نسل (D) سیاست
20. تمام شعبوں میں مشترکہ زندگی گزارنے والوں کو کمیونٹی کہتے ہیں۔ یہ الفاظ کس مفکر کے ہیں؟ (A) پروفیسر گنزبرگ (B) میک آئیور (C) اوسبون (D) گلکرائسٹ
21. خاندانوں اور دیہاتوں کا ایسا اجتماع جس میں افراد خود کفیل اور خوشیوں بھری زندگی گزاریں، کہلاتی ہے؟ (A) قوم (B) طبقہ (C) ملت (D) ریاست
22. حکومت کے شعبے ہیں: (A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ
23. ریاست کی تخلیق کا یہ نظریہ درست قرار دیا جاتا ہے: (A) نظریہ ربانی (B) معاہدہ عمرانی (C) نظریہ تاریخی (D) نظریہ قوت
24. نظریہ معاہدہ عمرانی پیش کرنے والے مفکرین میں غیر متعلقہ مفکر ہے؟ (A) تھامس ہابز (B) لاسکی (C) جان لاک (D) روسو

25. "اہل مدینہ ایسے افراد کو گروہ ہے جو کہ ایک مخصوص علاقے میں رہتے ہوں، ان کی اپنی حکومت ہو اور وہ اپنے علاقے میں بیرونی دباؤ سے پوری طرح آزاد ہوں" ریاست کی یہ تعریف جس مفکر نے کی ہے:	(A) ابن خلادن	(B) شاہ ولی اللہ	(C) علامہ اقبال	(D) امام غزالیؒ
26. مشہور مفکر جان لاک کی پیدائش ہوئی:	(A) 1632 میں	(B) 1634 میں	(C) 1636 میں	(D) 1638 میں
27. کتاب سوشل کنٹریکٹ (socialcontract) کے مصنف ہیں :	(A) اوپن ہائم	(B) ابن خلدون	(C) نطشے	(D) روسو
28. نظریہ پدرسری کو پیش کرنے والے مفکر کا نام ہے:	(A) ارسطو	(B) سرہنری مین	(C) لوئی XIV	(D) ہینز
29. انگلستان میں بادشاہ کی برتری کا قائل تھا:	(A) تھامس ہابز	(B) وڈروولسن	(C) گارنر	(D) بیر جیس
30. افلاطون نے ایک مثالی ریاست کی آبادی کتنی مقرر کی ہے؟	(A) 4040	(B) 5040	(C) 6040	(D) 7040
31. اگر یہ ختم ہو جائے تو ریاست بھی ختم ہو جاتی ہے:	(A) حکومت	(B) مقننہ	(C) عدلیہ	(D) اقتدار اعلیٰ
32. اقتدار اعلی کی خصوصیات میں سے غیر متعلقہ خصوصیت کی نشاندہی کریں:	(A) پائیداری	(B) خوبصورتی	(C) مطلق العنانیت	(D) جامعیت
33. کس کے بنائے ہوئے قوانین میں ردوبدل یا ترمیم کی گنجائش نہیں؟	(A) مقننہ	(B) عدلیہ	(C) صدر	(D) اللہ تعالیٰ
34. عوامی اقتدار اعلی کا سب سے بڑا حامی تھا:	(A) تھامس ہابز	(B) لاسکی	(C) ژاں بوداں	(D) روسو
35. جنرل ایوب خاں نے پاکستان میں مارشل لاء لگایا:	(A) 1958ء	(B) 1956ء	(C) 1854ء	(D) 1852ء
36. سوئزرلینڈ میں کون سا اقتدار اعلیٰ ہے؟	(A) آئینی اقتدار اعلیٰ	(B) عوامی اقتدار اعلیٰ	(C) سیاسی اقتدار اعلیٰ	(D) حقیقی اقتدار اعلیٰ
37. تکثیر پسندوں کے اقتدار اعلیٰ میں نمایاں نام کون سا ہے؟	(A) آسٹن	(B) ژاں بوداں	(C) ارسطو	(D) لاسکی
38. اسلامی اقتدار اعلیٰ میں خلیفہ جواب ہوتا ہے؟	(A) پارلیمنٹ	(B) صدر	(C) اللہ تعالیٰ	(D) عوام
39. انگریز فلسفی جان آسٹن نے اقتدار اعلیٰ کا قانونی تصور دیا؟	(A) 1832ء	(B) 1842ء	(C) 1852ء	(D) 1862ء
40. فرانسیسی مفکر ژاں بوداں نے اقتدار اعلیٰ کا تصور دیا؟	(A) آٹھویں صدی	(B) گیارہوں صدی	(C) چودہویں صدی	(D) سولہویں صدی
41. برطانیہ میں نظام حکومت ہے:	(A) صدارتی	(B) وفاقی	(C) پارلیمانی	(D) وحدانی
42. ارسطو نے اپنی کس کتاب میں ریاست کی مختلف اقسام کو بیان کیا ہے:	(A) مقدمہ	(B) ریاست	(C) جمہوریہ	(D) سول گورنمنٹ
43. جس مفکر نے حکومت کی درجہ بندی بہتر طریقے سے کی ہے:	(A) ہالینڈ	(B) ارسطو	(C) لیکاک	(D) لاسکی
44. جمہوریت کی یہ تعریف کس نے کی ہے: "عوام کی حکومت، عوام کے لئے اور عوام کے ذریعے۔"	(A) برجیس	(B) ابراہام لنکن	(C) سیلے	(D) ہال
45. سوئزرلینڈ میں وفاقی اکائی کو پکارا جاتا ہے:	(A) صوبہ	(B) ریاست	(C) کینٹن	(D) ریپبلک
46. پارلیمانی طرز حکومت میں اہم حیثیت حاصل ہوتی ہے:	(A) صدر	(B) سپیکر	(C) اٹارنی جنرل	(D) وزیر اعظم
47. جس کا سب سے اہم بنیادی فرض قانون سازی ہے؟	(A) عدلیہ	(B) انتظامیہ	(C) مقننہ	(D) کابینہ
48. جس طرز حکومت میں شورائی نظام کو زبردست اہمیت حاصل ہے؟	(A) پارلیمانی	(B) دستوری	(C) اسلامی	(D) وفاقی
49. جس خلیفہ کا قول ہے کہ "میں کسی شخص کو اس کا موقع نہیں دوں گا کہ وہ کسی کی حق تلفی کرے":	(A) حضرت ابو بکرؓ	(B) حضرت عمرؓ	(C) حضرت عثمانؓ	(D) حضرت علیؓ
50. خلافت کی ذمہ داری سنبھالتے ہوئے کہا تھا "لوگو! اگر میں نبیؐ کی راہ پر چلوں تو میری پیروی کرنا، اگر میں اس سے ہٹ جاؤں تو مجھے راہ راست پر لے آنا":	(A) حضرت ابو بکرؓ	(B) حضرت عمرؓ	(C) حضرت عثمانؓ	(D) حضرت علیؓ
51. Lag جس زبان کا لفظ ہے :	(A) جرمن	(B) فرانسیسی	(C) یونانی	(D) چینی
52. یہ تعریف جس مفکر کی ہے: "قانونی ظاہری افعال کا وہ عام قاعدہ ہے جسے سیاسی مقتدر اعلیٰ نے وضع کیا ہو:"	(A) وڈروولسن	(B) پروفیسر ہالینڈ	(C) لاسکی	(D) ژاں بوداں
53. آرڈیننس (Ordinance) جاری کرتا ہے:	(A) اٹارنی جنرل	(B) وزیر اعظم	(C) چیف جسٹس	(D) سربراہ مملکت
54. اسلامی قانون کا پہلا ماخذ ہے:	(A) حدیث وسنت	(B) اجماع	(C) قرآن مجید	(D) قیاس
55. لفظ لائبر (Liber) جس زبان سے اخذ کیا گیا ہے :	(A) جاپانی	(B) انگریزی	(C) لاطینی	(D) یونانی

56.	جس مفکر کا قول ہے کہ: "قانون کا اہم ماخذ اسمبلی کی قانون سازی ہے:"	(A) لاسکی	(B) گلگرائسٹ	(C) گیٹل	(D) فائز
57.	سنت کا معنی ہے:	(A) ترتیب دینا	(B) ہدایت	(C) طریقہ اور قاعدہ	(D) مراعات
58.	آزادی کی یہ تعریف کس نے کی ہے: "آزادی ایسی فضا ہے جو حقوق کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہے":	(A) ہربرٹ سپنسر	(B) گیٹل	(C) پروفیسر لاسکی	(D) پروفیسر سیلے
59.	جس نظریہ کے مطابق آزادی اور قانون ایک دوسرے سے متضاد ہیں:	(A) مثالیت پسندی	(B) جمہوریت پسندی	(C) انفرادیت پسندی	(D) آمریت پسندی
60.	مجتہدین امت کا کسی مسئلہ پر اتفاق اور اتحاد کر لینا کہلاتا ہے:	(A) قیاس	(B) اجماع	(C) عمل	(D) اصول
61.	ایسے باشندہ جو کسی مملکت میں مستقل طور پر رہ رہا ہو، کہلاتا ہے:	(A) فرد	(B) انسان	(C) غیر ملکی	(D) شہری
62.	قدیم یونان میں ریاست کو کیا کہا جاتا تھا:	(A) چھوٹی ریاست	(B) ملکی ریاست	(C) شہری ریاست	(D) صوبائی ریاست
63.	یونانی دور کے کن لوگوں کو سیاسی وعدالتی معاملات میں حصہ لینے کی اجازت نہیں تھی:	(A) بیمار	(B) بے روزگار	(C) مفلس	(D) غلاموں
64.	قوانین کن کے تحفظ اور ترقی کے لئے بنائے جاتے ہیں؟	(A) دکانداروں	(B) اساتذہ	(C) صنعت کاروں	(D) شہریوں
65.	اس کے بغیر انسان کو اچھے برے کی تمیز نہیں ہوتی:	(A) علم	(B) موسیقی	(C) سیاحت	(D) دولت
66.	"افراد کی زندگی اور شخصیت کی تکمیل حقوق سے ہوتی ہے" یہ الفاظ جس مفکر کے ہیں:	(A) ہالینڈ	(B) لاسکی	(C) ارسطو	(D) ٹی-ایچ-گرین
67.	"ریاست کے سیاسی وعدالتی معاملات میں حصہ لینے والے افراد کو شہری کہتے ہیں۔" شہری کی یہ تعریف جس یونانی مفکر نے کی ہے:	(A) ارسطو	(B) افلاطون	(C) سقراط	(D) ہیگل
68.	اچھے شہری کی ایک خوبی ہے:	(A) ذمہ داری کا احساس	(B) احساس کمتری	(C) تنگ نظری	(D) قانون شکنی
69.	اقوام متحدہ معرضِ وجود میں آئی:	(A) 14 اکتوبر 1939ء	(B) 24 اکتوبر 1941ء	(C) 24 اکتوبر 1945ء	(D) 24 اکتوبر 1949ء
70.	بنیادی انسانی حقوق کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے انسانی حقوق کے عالمی منشور کی شکل میں منظور کیا:	(A) 10 دسمبر 1948ء	(B) 10 دسمبر 1945ء	(C) 10 دسمبر 1943ء	(D) 10 دسمبر 1940ء
71.	ایک جمہوری ملک میں عدلیہ بنیادی طور پر کس کی حفاظت کرتی ہے:	(A) حکومت کی	(B) سرحدوں کی	(C) آئین کی	(D) مقننہ کی
72.	جس ملک کا آئین غیر تحریری اور زیادہ تر رسوم ورواج پر مشتمل ہے:	(A) امریکہ	(B) برطانیہ	(C) پاکستان	(D) ملائیشیا
73.	آئین کی یہ تعریف جس مفکر نے کی ہے: "ریاست میں بااختیار حکومت کی ساخت اور اختیارات کا تعین آئین کرتا ہے"۔	(A) آسٹن	(B) فائز	(C) لارڈ برائس	(D) گلگرائسٹ
74.	جس آئین میں حالات کے مطابق آسانی سے تبدیلی ہو سکتی ہے:	(A) استوار	(B) غیر لچکدار	(C) عوامی	(D) لچکدار
75.	لچکدار آئین جس نظام میں قابل عمل نہیں ہوتا:	(A) پارلیمانی	(B) وحدانی	(C) وفاقی	(D) بین الاقوامی
76.	جس ملک میں آئینی ترمیم کانگریس کے دونوں ایوان اور ریاستیں مل کر کرتی ہیں:	(A) روس	(B) فرانس	(C) جرمنی	(D) امریکہ
77.	برطانیہ کے آئین کا آغاز ہوا:	(A) گیارھویں صدی عیسوی میں	(B) بارھویں صدی عیسوی میں	(C) تیرھویں صدی عیسوی میں	(D) چودھویں صدی عیسوی میں
78.	جدید دور میں عوامی مفادات اور حقوق کے تحفظ کا ذمہ دار سمجھا جاتا ہے:	(A) ریاست کو	(B) عوامی نمائندوں کو	(C) صدرِ مملکت کو	(D) وزیر اعظم کو
79.	امریکا کا موجودہ آئین نافذ ہوا:	(A) 1749 میں	(B) 1789 میں	(C) 1829 میں	(D) 1939 میں
80.	منشورِ اعظم پر دستخط ہوئے:	(A) 1215 میں	(B) 1225 میں	(C) 1235 میں	(D) 1245 میں
81.	پاکستان میں ووٹر کی عمر کی حد کم از کم مقرر کی گئی ہے:	(A) سولہ سال	(B) اٹھارہ سال	(C) بیس سال	(D) بائیس سال
82.	انتخابات کے کتنے طریقے ہیں؟	(A) 2	(B) 3	(C) 4	(D) 5
83.	بالواسطہ انتخاب میں پہلے مرحلے میں کس کی تشکیل کی جاتی ہے؟	(A) سیاسی جماعت	(B) لیڈروں	(C) امیدواروں	(D) انتخابی ادارے
84.	بالواسطہ طریق انتخاب کن ممالک کے لئے موزوں سمجھا جاتا ہے؟	(A) جمہوری	(B) وسیع عریض	(C) ترقی پذیر	(D) امیر ترین
85.	کس ملک میں استصواب رائے کرانے کا طریقہ رائج ہے؟	(A) امریکہ	(B) سوئزرلینڈ	(C) بھارت	(D) برطانیہ
86.	وہ طریقہ جس سے شہری اپنے نمائندے چنتے ہیں، کہلاتا ہے۔	(A) حق رائے دہی	(B) استصواب	(C) انتخاب	(D) رائے شماری
87.	"سیاسی جماعت منظم رائے عامہ کا نام ہے۔" سیاسی جماعت کی یہ تعریف کی ہے:	(A) گیٹل نے	(B) گلگرائسٹ نے	(C) میک آئیور ڈ نے	(D) ڈسرائیلی نے
88.	رائے عامہ کی یہ تعریف جس مفکر نے کی ہے: "رائے عامہ عوام کے ان خیالات وتصورات کا مجموعہ ہے جو قومی مسائل سے متعلق ہوں اور جن کا تعلق مفاد عامہ سے ہو":	(A) راجرز نے	(B) لارڈ برائس نے	(C) سیلے نے	(D) ہالینڈ نے

89. شہری ریاستوں میں رقبہ اور آبادی کم ہونے کی وجہ سے براہِ راست جمہوریت اختیار کی گئی: (A) اٹلی میں (B) یونان میں (C) بلغاریہ میں (D) ترکی میں

90. جس مفکر نے کہا ہے کہ: سیاسی جماعتیں باخبری کا مرکز ہوتی ہیں۔ ان کے ذریعے ہی یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ ملک میں کیا ہو رہا ہے۔ (A) سلٹاؤ (B) روسو (C) جے سٹورٹ مل (D) فارابی